# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ساہیوال

## سیکریسی آفیسرز (جنرل) اور سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں

ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ساہیوال کے علاقائی دائرہ اختیار میں واقع سکولز و کالجز کے ایسے اساتذہ اکرام / آفیسران جو گریڈ 16 تا 19 سے ریٹائر ہو چکے ہوں یا حاضر سروس ہوں، سے شعبہ چیف سیکریسی آفیسر بورڈ ہذا میں انتہائی خفیہ، حساس امور کو متعین عرصہ میں سرانجام دینے کے لئے جزووقتی سیکریسی آفیسرز (جنرل) اور سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ درخواست فارم بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisesahiwal.edu.pk پر دستیاب ہے جو کہ مورخہ 27-03-2023 تک دفتری اوقات کار میں جمع کروانا ضروری ہے۔ یہ خالصتاً عارضی انتظام قابل توسیع عرصہ 89 ایام کے لئے یا تا اختتام امتحانات درج ذیل شرائط کے تحت ہوگا۔

**شرائط:۔**

1۔ سیکریسی آفیسرز (جنرل) کے لئے ریٹائرڈ اساتذہ اکرام جبکہ سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) کے لئے ریٹائرڈ و حاضر سروس اساتذہ اکرام درخواستیں گزار سکتے ہیں۔

2۔ درخواستوں کے ہمراہ ریٹائرمنٹ نوٹیفکیشن اور قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپیاں لف ہونا ضروری ہیں جبکہ حاضر سروس اساتذہ اکرام اپنی درخواستیں اپنے سربراہ ادارہ کی وساطت سے گزار سکیں گے یا اپنی درخواست کے ہمراہ ملازمت میں ہونے کا تصدیق نامہ لف کریں۔

3۔ سیکریسی آفیسرز (جنرل) کو معاوضہ کی ادائیگی صرف ورکنگ ایام کی بنیاد پر جبکہ سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) کو معاوضہ کی ادائیگی فی جوابی کاپی کی بنیاد پر بورڈ کے پہلے سے منظور شدہ ریٹس کے مطابق کی جائے گی۔ سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) اپنی ٹیم کا معاوضہ اپنے ہی معاوضے سے ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ بورڈ ہذا ان کی ٹیم کو معاوضہ کی ادائیگی کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ نیز سیکریسی آفیسرز (فرضی نمبرات) اپنی ٹیم کے ہر ممبر کے کام، کارکردگی، کردار، رویہ اور راست بازی کے حوالہ سے ذمہ دار ہوں گے۔

4۔ یہ انتظام خالصتاً عارضی اور جزوقتی ہوگا جو کسی وقت بھی بغیر کوئی وجہ بتائے یا بغیر نوٹس یا غیر تسلی بخش کارکردگی کی بنا پر یا مخصوص کام کی تکمیل پر ختم ہو سکتا ہے اور مستعار خدمتی ریٹائرڈ آفیسر کو ایسے فیصلہ کے خلاف کسی قسم کی قانونی و عدالتی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہوگا۔ اس امر کا حلفیہ بیان پچاس روپے مالیت کے اشٹام پیپر پر درخواست کے ہمراہ بورڈ ہذا کو فراہم کرنا ہوگا۔

5۔ اس شعبہ میں خاطر خواہ تجربہ رکھنے والے اور مقامی افراد کو ترجیح دی جائے گی۔

6۔ انٹرویو کا انعقاد مورخہ 28-03-2023 کو بورڈ ہذا میں ہوگا۔ انٹرویو میں شرکت کے لئے کسی قسم کا نہ تو سفر خرچ یا یومیہ دیا جائے گا اور نہ ہی علیحدہ سے کوئی نوٹس / اطلاع نامہ دیا جائے گا۔

سیکرٹری، ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

کیمپس: واقع عقب گورنمنٹ گریجوایٹ کالج، ساہیوال